12687 ـ روزے کی حالت میں نکسیر پھوٹنا

سوال

اگر روزہ دار کونکسیر آجائے تواس کا حکم کیا ہوگا کیونکہ میرے ساتھ بھی ایسا ہی ہوا تھا ؟

پسندیدہ جواب

الحمد للہ.

اگر تو معاملہ ایسا ہی ہے جیسا کہ آپ نے ذکرکیا ہےتو آپ کا روزہ صحیح ہے ، کیونکہ آپ کو نکسیر آئي تھی جس پر آپ کوکوئي اختیار نہیں لھذا اس بنا پر اس کے آنے سے آپ کے روزہ کوکوئي نقصان نہیں اورنہ ہی وہ فاسد ہے ۔

اس کے دلائل میں سے مندرجہ ذیل فرمان باری تعالی ہے :

اللہ تعالی کسی کوبھی اس کی استطاعت سے زیادہ تکلیف نہیں دیتا سورۃ البقرۃ (286) ۔

اورایک دوسرے مقام پر کچھ اس طرح فرمایا :

اللہ تعالی نے تم پر دین میں کوئي تنگی نہیں رکھی المائدۃ (6) ۔

اللہ تعالی ہی توفیق بخشنے والا ہے ، اللہ تعالی ہمارے نبی محمد صلی اللہ علیہ وسلم ان کی آل اورصحابہ کرام پراپنی رحمتیں نازل فرمائے ۔ .